D

Sl-No : 3641

Unique Paper Code : 2144002001

Name of the paper : Common Programme Group (GE)

Semester : I

Name of course : Elementary Urdu

Duration : 3 Hours

Maximum Marks : 90

1۔ نیچے لکھے شعری حصے کو دھیان سے پڑھیے اور دیئے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 15

شہر کی رات اور میں ناشاد و ناکارہ پھروں
جگمگاتی جاگتی سڑکوں پہ آوارہ پھروں
غیر کی بستی میں کب تک در بہ در مارا پھروں؟
اے غم دل کیا کروں؟ اے وحشتِ دل کیا کروں؟

جھلملاتے قمقموں کی راہ میں زنجیر سی
رات کے ہاتھوں میں دن کی موہنی تصویر سی
میرے سینے پر مگر دہکی ہوئی شمشیر سی
اے غم دل کیا کروں؟ اے وحشتِ دل کیا کروں؟

(i) شاعر خود کو ناشاد اور ناکارہ کیوں محسوس کر رہا ہے؟

(ii) سڑکیں کیسی نظر آ رہی ہیں؟

(iii) راستے کی کیا چیز شاعر کو زنجیر سی نظر آتی ہے؟

(iv) موہنی تصویر کس کی ہے اور یہ کس کے ہاتھوں میں ہے؟

(v) شاعر کو اپنے سینے پر کسی بوجھ کا احساس ہوتا ہے؟

**2۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔** 15

’’دیکھو آج ہمارے یہاں مہمان آئیں گے۔ اس لیے باورچی خانے کے تمام برتن اچھی طرح صاف کر رکھنا۔ فرش بھی دُھلا ہوا ہونا چاہیے۔ اس کے علاوہ تمہیں ملاقاتی کمرے کی تصویروں، میزوں اور کرسیوں کو بھی صاف کرنا ہوگا۔ سمجھے! مگر خیال رہے میری میز پر ایک تیز دھار چاقو پڑا ہوا ہے، اسے مت چھیڑنا! میں اب دفتر جا رہا ہوں۔ مگر یہ کام دو گھنٹے سے پہلے ہونا چاہیے۔‘‘

(i) آج گھر میں کون آنے والا تھا؟

(ii) باورچی خانے کی کون کون سی چیزیں صاف کرنی تھیں؟

(iii) ملاقاتی کمرے میں کیا کیا صاف کرنا تھا؟

(iv) کس چیز کو چھیڑنے سے منع کیا گیا؟

(v) سب کام پورے کرنے کے لیے کتنا وقت دیا گیا تھا؟

**3۔ کسی تین شعر کی تشریح لکھیے۔** 15

قفس اداس ہے یارو! صبا سے کچھ تو کہو
کہیں تو بہرِ خدا، آج ذکرِ یار چلے

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں

ترے وعدے پہ جیے ہم، تو یہ جان جھوٹ جانا
کہ خوشی سے مر نہ جاتے، اگر اعتبار ہوتا

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصال یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

گلوں میں رنگ بھرے بادِ نو بہار چلے
چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے

4۔ 'سویرے جو کل آنکھ میری کھلی' کی کہانی اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 15

یا

نظم او دیس سے آنے والے بتا کا مرکزی خیال لکھیے۔

5۔ مندرجہ ذیل الفاظ کا متضاد لکھیے۔ 10

زمین، دکھ، الٹا، خاص، جیت، روشنی، دوست، حیات، صبح، آرام

6۔ مندرجہ ذیل واحد الفاظ کی جمع لکھیے۔ 10

کتاب، تقدیر، ملک، خاتون، چیز، دوا، وقت، وفا، پگڑی، جذبہ

7۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی چار محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 10

جان میں جان آنا، خیالی پلاؤ پکانا، بے پر کی اڑانا
آٹے میں نمک ہونا، پہاڑ ٹوٹ پڑنا، مٹھی گرم کرنا

..................